# مرغی اور شاہین




Ann Nduku
Wiehan de Jager
Samrina Sana

Urdu
Level 3



ایک دفعہ کا ذکر ہے، کہ مرغی اور شاہین دوست تھے۔ وہ باقی پرندوں کے ساتھ سکون سے رہتے۔ اُن میں سے کوئی بھی اُڑ نہیں سکتا تھا۔



ایک دن، زمین پر قحط پڑ گیا۔ شاہین کو دور تک چل کر کھانا ڈھونڈنا پڑا۔ وہ تھکی ہاری واپس آئی۔ سفر کر نے کا کوئی آسان طریقہ ضرور ہونا چاہیے۔ شاہین نے کہا۔




رات کی اچھی نیند کے بعد، مرغی کے دماغ میں ایک زبردست خیال
آیا۔ وہ اپنے پرندے دوستوں کے گِرے ہوئے پروں کو اکٹھا
کرنے لگی۔ چلو انہیں اپنے پروں کے اوپر سی لیتی ہوں اُس
نے کہا۔ شاید تب سفر کرنا آسان ہوجائے۔



گاوں میں صرف شاھین کے پاس سوئی موجود تھی اس لیے اُس نے سب سے پہلے سینا شروع کیا۔ اُس نے اپنے لیے خوبصورت پروں کا جوڑا تیار کیا اور مرغی سے اُونچا اُڑی۔ مرغی نے اُس سے سوئی اُدھار لی لیکن وہ سیلائی کرتے ہوئے جلد تھک گئی۔ اُس نے سوئی کو الماری پر رکھا اور اپنے بچوں کے لیے کھانا پکانے باورچی خانے چلی گئی۔



لیکن دوسرے پرندوں نے شاہین کو دور اُڑتے دیکھا۔ اُنہوں نے مرغی سے سوئی مانگی تاکہ وہ بھی اپنے لیے پر تیار کر سکیں۔ جلد ہی پرندے سارے آسمان پر اُڑنے لگے۔



جب آخری پرندے نے مانگی ہوئی سوئی واپس کی تو مرغی وہاں موجود نہیں تھی۔ اس لیے بچوں نے سوئی اُٹھائی اوراُس سے کھیلنا شروع کر دیا۔ جب وہ کھیل سے تھک گئے تو اُنہوں نے سوئی ریت میں چھوڑ دی۔



دوپہر کے بعد شاہین لوٹی۔ اُس نے سوئی کے لیے پوچھا تاکہ وہ
پر مضبوطی سے جوڑ سکے جو کے سفر کے دوران ڈھیلے ہو
گئے تھے۔ مرغی نے اماری پر دیکھا۔ اُس نے باورچی خا نے
میں دیکھا۔ اُس نے اردگرد دیکھا لیکن سوئی کہیں نہیں ملی۔



مجھے ایک دن دے دو، مرغی نے شاہین کی منت کی پھر تم دوبارہ
سے اپنے پروں کو جوڑ سکتی ہو اور کھا نے کی تلاش میں اُڑ سکتی
ہو۔ صرف ایک اور دن۔ شاہین نے کہا۔ اگر تم سوئی دینے میں
ناکام رہی تو تمہیں اپنے ایک چوزے کو مجھے دے کر قیمت چکانی
ہوگی۔



جب اگلے دن شاھین آئی، اُس نے مرغی کو ریت میں پاوں مار تے
دیکھا لیکن سوئی نہیں ملی۔ اس لیے شاھین بہت تیزی سے نیچے آئی
اور ایک چوزے کو اُٹھا لیا۔ وہ اُ سے دور لے گئی۔ اُس کے بعد
ہمیشہ جب کبھی شاھین آتی تو وہ مرغی کو ریت میں پاوں مار تے ہو ئے
پاتی۔



جب بھی شاہین کے پروں کا سایہ زمین پر پڑتا مرغی اپنے بچوں کو خبر
دار کرتی کہ زمین کے خشک اور خالی حصہ سے بھاگ جاو اور وہ
جواب دیتے ہم بیوقوف نہیں ہیں ہم بھاگیں گے۔

# 香港故事書

global-asp.github.io/storybooks-hongkong

# مرغی اور شاہین

Written by: Ann Nduku
Illustrated by: Wiehan de Jager
Translated by: Samrina Sana

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by 香港故事書 in an effort to provide children's stories in 香港's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons
Attribution 3.0 International License.